ٹیم نیوز / اسلام آباد

وفاقی محتسب کی معائنہ ٹیم کا فیڈرل گورنمنٹ ایمپلائز ہاؤسنگ اتھارٹی کا دورہ

August 16, 2023

ویب ڈیسک

اسلام آباد(پریس ریلیز) وفاقی محتسب کی معائنہ ٹیم نے فیڈرل گورنمنٹ ایمپلائز ہاؤسنگ اتھارٹی کا دورہ کیا۔

وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی نے فیڈرل گورنمنٹ ایمپلائز ہاؤسنگ اتھارٹی (ایف جی ای ایچ اے) کیخلاف کثیر تعداد میں شکایات کا نوٹس لیتے ہوئے سینئر ایڈوائزر احمد فاروق، ڈپٹی ایڈوائزر پرویز حلیم، کنسلٹنٹ خالد سیال، سینئر انوسٹی گیشن افسر عدنان احمد اور ایسوسی ایٹ رابطہ افسر فاطمہ بنت اقبال پر مشتمل ایک معائنہ ٹیم تشکیل دے کر شکایات کا جائزہ لینے کیلئے (ایف جی ای ایچ اے) بھیجی۔

ٹیم نے حقیقی صورتحال جاننے کیلئے اتھارٹی کے اعلیٰ افسران کیساتھ میٹنگ کے علاوہ موقع پر موجود کسٹمرز اور شکایت کنندگان سے بھی ملاقات کر کے ان کی شکایات سنیں اور مسائل کا جائزہ لیا، کمیٹی نے اپنی ابتدائی رپورٹ وفاقی محتسب کو پیش کر دی ہے۔

وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی نے فیڈرل گورنمنٹ ایمپلائز ہاؤسنگ اتھارٹی کے سربراہ کو ہدایت کی ہے کہ وہ اتھارٹی کے زیر تکمیل تمام منصوبوں کو مکمل کرنے کا ٹائم فریم دیں نیز مختلف اسکیموں میں الاٹیوں کی مکمل سنیارٹی لسٹ فوری طور پر اتھارٹی کی ویب سائٹ پر اپ لوڈ کریں۔

معائنہ ٹیم نے دورے کے دوران اس بات کا نوٹس لیا کہ اتھارٹی کے لائف اسٹائل اپارٹمنٹس، G-13 گرین انکلیو- ، پارک روڈ ہاؤسنگ اسکیم، بہارہ کہو ہاؤسنگ اسکیم، سکائی لینڈ اپارٹمنٹس، 1F-14 اور G-14 سمیت متعدد منصوبے زیر تکمیل ہیں جن کے غیر معمولی التواء کے باعث کسٹمرز پریشان ہیں جنہوں نے اپنی چھت کے خواب میں پیسے جمع کرا رکھے ہیں لیکن کئی سالوں سے انہیں محض وعدوں پر ہی ٹرخایا جا رہا ہے۔

کمیٹی نے دورہ کے دوران استقبالیہ پر تمام ہدایات اردو میں آویزاں کرنے نیز کسٹمرز کی سہولت کیلئے دو نئے پرنٹرز فوری طور پر استقبالیہ کو فراہم کرنے کی ہدایات دیں۔

کمیٹی نے شکایت کنندگان سے ملاقات کر کے محسوس کیا کہ وہ اتھارٹی کے دفتری نظام سے مجموعی طور پر مطمئن ہیں۔ معائنہ ٹیم اپنی تفصیلی رپورٹ ایک ہفتہ کے اندر وفاقی محتسب کو پیش کرے گی۔